## چیف جسٹس کراچی میں یوم عاشورہ پر بم دھماکے اور بولٹن مارکیٹ سمیت دیگر مارکیٹوں کو آگ لگانے کے واقعات پر سوموٹو ایکشن لیں......الطاف حسین

## کراچی بم دھماکہ میں کون لوگ ملوث ہیں اور اربوں روپے کی جائداد لوٹنے اور جلانے کا ذمہ دار کون ہے اور ان جرائم پیشہ عناصر کی سرپرستی کون کررہا ہے؟

لندن......6 جنوری 2001ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے چیف جسٹس آف پاکستان جناب افتخار محمد چوہدری سے اپیل کی ہے کہ وہ کراچی میں یوم عاشورہ پر بم دھماکے اور بولٹن مارکیٹ سمیت دیگر مارکیٹوں کو آگ لگانے کے واقعات پر سوموٹو ایکشن لیں اور ان واقعات کی تحقیقات کیلئے سپریم کورٹ کے ججز پر مشتمل اعلیٰ عدالتی کمیشن تشکیل دیں۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ یوم عاشورہ پر کراچی میں ہونے والا بم دھماکہ دہشت گردی اور فرقہ وارانہ فسادات کرانے اور شہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش تھی۔ انہوں نے چیف جسٹس سے اپیل کی کہ وہ اس امر کی بھی تحقیق کروائیں کہ کراچی بم دھماکہ میں کون لوگ ملوث ہیں اور اربوں روپے کی جائداد لوٹنے اور جلانے کا ذمہ دار کون ہے اور ان جرائم پیشہ عناصر کی سرپرستی کون کررہا ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ سانحہ کراچی میں نہ صرف جانی و مالی نقصان ہوا بلکہ شہر کی معیشت کو تباہ کرکے ملک کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی گھناؤنی کوشش کی گئی تھی۔

جناب الطاف حسین نے چیف جسٹس پاکستان سے اپیل کی کہ وہ فوری ایکشن لیتے ہوئے کراچی سانحہ سے متعلق تمام ثبوت وشواہد اور خصوصی طور پر CCTV کیمرے کی وڈیو فوٹیج اپنی تحویل میں لے کر محفوظ کرلیں۔انہوں نے کہا کہ کئی دن گزر جانے کے باوجود اب تک حکومت وانتظامیہ نہ صرف سانحہ کراچی کے اصل حقائق عوام کے سامنے لانے سے قاصر ہے بلکہ مجرموں کو گرفتار کرنے میں بھی ناکام ہوچکی ہے۔

## امریکی سفیر کی جانب سے سانحہ کراچی کے متاثرین کی امداد کیلئے ایک ارب روپے امداد کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہیں،الطاف حسین

## دونوں ملکوں کے عوام کے درمیان خیر سگالی کا جذبہ پروان چڑھے گا

لندن۔۔۔6،جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان میں متعین خاتون امریکی سفیر این ڈبلیو پیٹرسن (ANNE W PETERSON) کی جانب سے سانحہ کراچی کے متاثرین کی امداد کیلئے ایک ارب روپے امداد کے اعلان کا خیر مقدم کیا ہے اور کہا ہے کہ اس سے دونوں ملکوں کے عوام کے درمیان خیر سگالی کا جذبہ پروان چڑھے گا۔جناب الطاف حسین نے گورنر سندھ،سٹی ناظم کی جانب سے سانحہ بولٹن مارکیٹ سمیت دیگر مارکیٹوں کی بحالی کے کاموں کو سراہتے ہوئے کہا کہ گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال سمیت حق پرست قیادت کا متاثرین کی بحالی کے کاموں میں بڑا کردار ہے۔

## امریکی سفیر این ڈبلیو پیٹرسن کی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی رکن کنور خالد یونس،سینیٹر بابر غوری،حق پرست وزراء،سٹی ناظم کراچی سے ملاقات

## ملاقات میں ملک کی موجودہ صورتحال،سیاسی استحکام اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

## امریکی سفیر نے ملک میں سیاسی اور جمہوری استحکام کیلئے ایم کیو ایم کے مثبت کردار کو سراہا،یوم عاشورہ پر دھماکے میں قیمتی جانوں کے ضیاع اور مارکیٹوں کو آگ لگانے کے واقعات پر اظہار افسوس

کراچی۔۔۔6،جنوری 2010ء

پاکستان میں متعین امریکی سفیر ANNE W PETERSON نے بدھ کے روز متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس،حق پرست سینیٹر بابر خان غوری،حق پرست صوبائی وزراء سردار احمد،فیصل سبزواری،سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال اور قومی اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر و رکن قومی اسمبلی حیدر عباس رضوی سے ملاقات کی۔اس موقع پر کراچی میں متعین امریکی قونصل جنرل STEVE FAKAN اور اکنامک آفیسر MARY ELIZABETH بھی امریکی سفیر کے ہمراہ تھیں۔ملاقات میں پاکستان کی موجودہ سیاسی صورتحال،ملک میں سیاسی استحکام اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔امریکی سفیر نے ملک میں سیاسی اور جمہوری استحکام کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے مثبت کردار کو سراہا یا اور ایم کیو ایم کے رہنماؤں سے یوم عاشورہ کے موقع پر بم دھماکے میں عزاداران حسین سمیت معصوم انسانوں کی قیمتی جانوں کے ضیاع اور مارکیٹوں کو آگ لگانے کے واقعات پر دلی تعزیت وافسوس کا اظہار بھی کیا۔

## یوم عاشور کے موقع پر ایم کیوایم کی جانب سے قیام امن کی کوششوں کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا اور یوم عاشور پر ہونے والا بم دھماکہ شہر میں فرقہ واریت کی آگ بھڑکانے کی گھناؤنی سازش کا حصہ ہے، علمائے کرام

### ایم کیوایم کے رہنماؤں کی علامہ عباس کمیلی، سلیمان یحیٰ، علامہ حسن ظفر نقوی، فرقان حیدر عابدی، علامہ مرزا یوسف ودیگر علمائے کرام سے ملاقاتیں

کراچی۔۔۔6، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد، حق پرست صوبائی وزیر برائے اوقاف عبدالحسیب اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر نے شہر میں مذہبی رواداری کی فضا کو سبوتاژ کرنے کی گھناؤنی سازشوں کے خاتمے اور فرقہ ارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے شیعہ علمائے کرام اور انجمنوں کے عہدیداران سے ملاقاتیں کیں اور یوم عاشور کے موقع پر کراچی بم دھماکے میں عزاداران حسینؑ کی شہادتوں پر اظہار افسوس اور مارکیٹوں کو نذر آتش کرنے کے واقعات پر تبادلہ خیال کیا اور اس ضمن میں انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے عملی کردار سے آگاہ کیا۔ ایم کیوایم کے رہنماؤں نے اس سلسلے میں جعفریہ الائنس کے سربراہ علامہ عباس کمیلی، تنظیم عزاء کے جنرل سیکریٹری سلیمان یحیٰ، وحدت، مسلمین کے سربراہ علامہ حسن ظفر نقوی، فرقان حیدر عابدی، آل پاکستان شیعہ ایکشن کمیٹی کے علامہ مرزا یوسف، علامہ مسعود حسن مسعودی اور علامہ جعفر رضا سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔ ملاقات میں علامہ عباس کمیلی نے ایم کیوایم کے رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یوم عاشور کے موقع پر ایم کیوایم کی جانب سے قیام امن کی کوششوں کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا اور یوم عاشور پر ہونے والا بم دھماکہ شہر میں فرقہ واریت کی آگ بھڑکانے کی گھناؤنی سازش کا حصہ ہے۔ تنظیم عزاء کے جنرل سیکریٹری سلیمان یحیٰ نے ایم کیوایم کے رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جناب الطاف حسین شروع دن سے ہی اتحاد بین المسلمین کیلئے جدوجہد کررہے ہیں اور سازشی عناصر نے یوم عاشور پر بم دھماکہ کرکے شہر کو جس آگ میں جھونکنے کی مذموم کوشش کی تھی اسے شیعہ وسنی عوام نے ناکام بنادیا ہے۔ وحدت مسلمین کے سربراہ علامہ حسن ظفر نقوی نے کہا کہ یوم عاشور پر ہونے والا بم دھماکہ کھلی دہشت گردی ہے اور وطن دشمن عناصر کی سازش ہے جو ملک وقوم کو غیر مستحکم کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہر کی نازک صورتحال میں جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے عملی کردار نے ایک مرتبہ پھر گھناؤنی سازش کو ناکام بنادیا گیا ہے ۔ آل پاکستان شیعہ ایکشن کمیٹی کے علامہ مرزا یوسف نے کہا کہ ہر کسی کو سازشی عناصر کو اپنے درمیان سے نکال پھینک دینا چاہئے اور شہر اور ملک میں قیام کیلئے جناب الطاف حسین کی کوششوں کا ساتھ دینا چاہئے۔ قبل ازیں ملاقات میں ایم کیوایم کے رہنماؤں نے یوم عاشورہ کے جلوس پر بم دھماکے کے باعث عزاداران حسینؑ کی شہادتوں اور مارکیٹوں کو نذر آتش کرنے کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اور اسے شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بعض سازشی عناصر محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی فضا کو سبوتاژ کرکے جمہوریت، حکومت اور ملک کو غیر مستحکم کررہے ہیں جو ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں اور سازشی عناصر کی سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے تمام لوگوں کو اپنے درمیان سے ایسے عناصر کو نکال پھینک دینا چاہئے جو سازشی عناصر کی کاروائیوں کا حصہ بنے ہوئے ہیں۔ اس موقع پر انہوں نے بم دھماکے میں شہید ہونے والے عزاداران حسینؑ کے بلند درجات کیلئے دعا بھی کی۔ ملاقات میں ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے انچارج و جمشید ٹاؤن کے حق پرست ناظم جاوید احمد، اراکین انور رضا اور چچا وحید بھی موجود تھے۔

## شعیب بخاری اور شاہد لطیف نے قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے سٹی ناظم کو 50 لاکھ کا چیک پہنچایا

کراچی۔۔۔6، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری اور شاہد لطیف نے کیمپ آفس میں سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال سے ملاقات کی اور قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے بولٹن مارکیٹ کے متاثرین کی امداد کیلئے انہیں 50 لاکھ روپے کا چیک پہنچایا۔ اس موقع پر سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال نے رابطہ کمیٹی کے ارکان کو متاثرہ مارکیٹوں کی مرمت اور دکانداروں کی بحالی کیلئے کیے جانے والے کاموں کی تفصیلات سے آگاہ کیا اور متاثرین کی امداد کیلئے 50 لاکھ روپے عطیہ جمع کرانے پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔

## لوٹے گئے بھاری مالیت کے سامان کی برآمدگی سے سازش آشکار ہوگئی، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔6،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سانحہ کراچی کے دوران بولٹن مارکیٹ اور دیگر مارکیٹوں سے لوٹے گئے سامان جس میں قیمتی ادویات، پرفیوم اور کاسمیٹکس کی لیاری کے علاقے موسیٰ لین گودام سے برآمدگی پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھاری مالیت کے سامان کی برآمدگی سے واضح ہوگیا ہے کہ بولٹن مارکیٹ ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت دکانوں میں لوٹ مار کرنے کے بعد دکانوں کو نذر آتش کیا گیا جو کراچی اور پورے پاکستان کی معیشت کو تباہ کرنے کے مترادف۔ رابطہ کمیٹی نے سامان کی برآمدگی پر پولیس افسران واہلکاروں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے مطالبہ کیا کہ اس واقعہ کی اعلیٰ سطح پر تحقیقات کرائی جائے اور اس سازش میں ملوث اصل ملزمان کو بے نقاب کیا جائے۔

## رابطہ کمیٹی نے جنوبی پنجاب کے لوئر پنجاب زون کی 19 رکنی زونل کمیٹی کے ذمہ داران کے ناموں کا اعلان کردیا

## لوئر پنجاب زون میں 13 اضلاع شامل ہیں، تنظیم نو کے بعد ملتان آرٹس کونسل سے بڑی ریلی نکالی گئی

ملتان۔۔۔6،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے جنوبی پنجاب کے لوئر پنجاب زون کی تنظیم نو کے سلسلے میں لوئر پنجاب زون کے انچارج سمیت 19 رکنی زونل کمیٹی کے عہدیداران کے ناموں کا اعلان کردیا ہے۔ یہ اعلان ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سیف یار خان، چوہدری ڈاکٹر علی حسین اور افتخار اکبر رندھاوا نے ملتان آرٹس کونسل میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تنظیم نو کے مطابق لوئر پنجاب کے انچارج شیخ کرامت، جوائنٹ انچارج جاوید اقبال چیمہ، جوائنٹ انچارج فاروق خان ملیزئی جبکہ اراکین زونل کمیٹی میں شہزادہ نواز گورچانی، عمر علی آغا، رائے خالد محمود، رانا افلاطون، میجر سید جاوید حسین، ملک اختر اعوان، نعیم ارشد شمس، محمد طفیل ٹھاکر، کلیم زبیر، راؤ محمد خالد، محمد فرمان راؤ، رانا عارف، رانا ناصر علی کرنالی، شمشیر ہاشمی، محترمہ فرخندہ پروین اور محترمہ امتیاز اختر شامل ہے۔ ایم کیوایم لوئر پنجاب زون میں 13 اضلاع ہے جو ساہیوال، بہاولپور، لیہ، پاکپتن، لودھراں، راجن پور، وہاڑی، رحیم یار خان، ملتان، بہاولنگر، خانیوال، مظفر گڑھ اور ڈیرہ غازی خان پر مشتمل ہوگا۔ تنظیم نو کے اعلان کے بعد ملتان آرٹس کونسل سے بڑی ریلی نکالی گئی جو کلمہ چوک پر اختتام پذیر ہوئی اور جس میں ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنان نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء ہاتھوں میں ایم کیوایم کے پرچم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر اٹھائے ہوئے تھے۔

## صوبہ پنجاب میں تبدیلی کی ہوائیں چلنے کا وقت دور نہیں، جنوبی پنجاب ہراول دستہ ثابت ہوگا، اراکین رابطہ کمیٹی

## ملتان آرٹس کونسل میں لوئر پنجاب زون کی تنظیم نو کے سلسلے میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

ملتان۔۔۔6،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سیف یار خان، ڈاکٹر علی حسین اور افتخار اکبر رندھاوا نے صوبہ پنجاب میں تبدیلی کی ہوائیں چلنے کا وقت دور نہیں ہے اور اس تبدیلی کے عمل میں جنوبی پنجاب ہراول دستہ ثابت ہوگا۔ یہ بات رابطہ کمیٹی کے اراکین نے ملتان آرٹس کونسل میں ایم کیوایم لوئر پنجاب زون کی تنظیم نو کے سلسلے میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی، جوائنٹ انچارج رفیق، اراکین شریف علی رعنا، رانا ارشاد، راؤ مجیب، فاروق درانی اور فرقان اطیب بھی موجود تھے۔ رابطہ کمیٹی کے اراکین نے اپنے خطاب میں کہا کہ ملتان آرٹس کونسل میں ہونے والا ایم کیوایم کا یہ جنرل ورکرز اجلاس آنے والے حق پرستی کے انقلاب کی نشاندہی کررہا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صوبہ پنجاب کے عوام ملک کو بچا سکتے ہیں، قائد تحریک جناب الطاف حسین نے طالبانائزیشن کے جس عفریت کی نشاندہی کی تھی وہ آج سچ ثابت ہورہی ہے اور ان پر تنقید کرنے والے عناصر اپنے منہ چھپاتے پھر رہے ہیں اور ان کے پاس جواب تک موجود نہیں ہے۔ رابطہ کمیٹی نے لوئر پنجاب زون کے نومنتخب ذمہ داران کو مبارکباد پیش کی اور ان پر زور دیا کہ وہ اپنی تنظیمی ذمہ داریاں احساس ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں اور تحریک کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کو گھر گھر پھیلانے کیلئے عملی طور پر کردار ادا کریں۔

## تحریک طالبان پاکستان کے دہشت گردوں کا کوہاٹ میں طوری میلہ پرحملہ اور مکانات کونذرآتش کرنا بزدلانہ کارروائی ہے،حق پرست ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔6،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے تحریک طالبان پاکستان کے دہشت گردوں کی جانب سے کوہاٹ میں لوئراورکزئی کے علاقہ فیروزخیل کے گاؤں طوری میلہ میں حملہ کرکے مکانات کونذرآتش کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہےاوراسے بزدلانہ کارروائی قرار دیا ہے۔اپنےمشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ طوری میلہ گاؤں کے لوگوں نے طالبان کا ساتھ دینے سے انکار کیا تھا جس کی پاداش میں طالبان دہشت گردوں نے ان کے مکانات کوآگ لگادی۔انہوں نے کہا کہ طالبان دہشت گردوں کی جانب سے مکانات کوآگ لگانے کے واقعہ سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ دہشت گردصرف اورصرف تشدد کے حامی ہیں اورانسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔انہوں نے نذرآتش مکانات کے مالکان سے دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ طالبان دہشت گردوں کے مذموم عزائم کے سامنےاپنے حوصلوں کو بلند رکھیں اور دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں ملک بھر کےعوام کی جانب سے دی جانے والی جانی ومالی قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جانے دی جائیں گی۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدرمملکت آصف علی زرداری،وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اوروفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ طوری میلہ گاؤں کے مکانات کوطالبان دہشت گردوں کی جانب سے نذرآتش کرنے کا سختی سے نوٹس لیا جائے،دہشت گردوں کے خلاف سخت اورٹھوس اقدامات کئے جائیں اورعوام کی جان ومال کے تحفظ کویقینی بنایا جائے۔

## منورحسن کے بولٹن مارکیٹ کے دورہ کے موقع پرطالبان کے حمایتی مردہ باد کےنعرے لگےجس سے ثابت ہوتا ہے کہ جماعت اسلامی کی جانب سےشہری حکومت کراچی پرلگائے گئے بھونڈےالزامات میں کتنی صداقت ہے؟حق پرست ارکان سندھ اسمبلی بے بنیاداورجھوٹی الزام تراشیاں کرکے جماعت اسلامی نہ صرف کراچی بلکہ ملک بھرکےعوام کی نظروں میں رسواہورہی ہے

کراچی۔۔۔6،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے جماعت اسلامی کے امیر منورحسن اوردیگر نام نہاد جماعتی لیڈروں کی جانب سے سانحہ کراچی بولٹن مارکیٹ کی ذمہ داری سٹی گورنمنٹ پرعائد کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہےاوراس بھونڈےالزام کو جماعتی لیڈروں کی منافقانہ پالیسی کا مظہر قرار دیا ہے۔اپنےمشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سانحہ کراچی میں سٹی گورنمنٹ کراچی کےعملی اقدامات سے کراچی کی متاثرہ مارکیٹوں کے دکانداراورتاجراورعوام اچھی طرح آگاہ ہیں اس سلسلے میں جماعت اسلامی روایتی طورپرایم کیوایم دشمنی کا مظاہرہ کررہی ہےاورسٹی گورنمنٹ کراچی کی حق پرست قیادت کی سانحہ کراچی میں کی جانے والی خدمات کوسہرا ہنے کے بجائے الٹابے بنیاداورجھوٹی الزام تراشیاں کرکے نہ صرف کراچی بلکہ ملک بھرکےعوام کی نظروں میں رسواہورہی ہے۔انہوں ے کہا کہ سانحہ کراچی فرقہ واریت پھیلانے کی گھناؤنی سازش تھی جیسےایم کیوایم نے نہ صرف ناکام بنایا بلکہ عوام کو پرامن رہنے کی تلقین بھی کی۔انہوں نے کہا کہ عوام اچھی طرح جانتے ہیں کہ ایم کیوایم شروع دن سے فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے کوشاں رہی ہےاورایم کیوایم کےاس کردار کوتمام علمائے کرام کی جانب سے بھی سراہایا گیا ہےلیکن نام نہاد مذہبی جماعت کے رہنما سانحہ کراچی پرمگرمچھ کے آنسو بہارہے ہیں اوران کا واحد مقصداس واقعہ کے بعدایم کیوایم اورسٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت کو ہدف بنا کراپنے سیاسی انتقام کو پورا کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پرامن جمہوری جماعت ہے جوسیاسی انتقام پریقین نہیں رکھتی جبکہ جماعت اسلامی کوکراچی کےعوام مسترد کرچکے ہیں اورطالبان کی حمایتی جماعت کا اصل چہرہ اب عوام بےنقاب ہوچکا ہے یہی وجہ ہے کہ منور حسن جب بولٹن مارکیٹ کے دورہ کیلئے گئےتو وہاں تاجروں اوردکانداروں نے نہ صرف ان کا خطاب سننے سے انکار کردیا اور جماعتی رہنماؤں کو دیکھتے ہی طالبان کے حامی مردہ باد کےنعرےلگائے جس سے ثابت ہوگیا ہے کہ منورحسن اور جماعت اسلامی کے تمام رہنماؤں کی جانب سے سانحہ کراچی میں سٹی گورنمنٹ کراچی کوذمہ دارٹھہرانے کے الزامات میں کتنی صداقت ہے؟

## گھوٹکی کے قریب ٹریفک حادثے میں متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔6،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ سندھ کے شہر گھوٹکی کے قریب قومی شاہراہ پر ٹرک اور مسافر وین کے حادثے میں 7افراد کے جاں بحق اور متعدد کے زخمی ہونے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ قومی شاہراہوں پر ٹریفک حادثات کی روک تھام کیلئے مثبت اقدامات بروئے کارلائے جائیں۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حادثے میں جاں بحق ہونے والے تمام افراد کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کواپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبر جمیل دے۔جناب الطاف حسین نے حادثے میں زخمی افراد سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلدومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔

☆☆☆☆☆